# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 27, 2023

## پریس ریلیز

## جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول نے انول ڈے دوہزار تیئیس منایا

جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول (جے ایس ایس ایس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ملٹی پرپز ہال میں چوبیس فروری دوہزار تیئیس کو اپنا انول ڈے پروگرام منعقد کیا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام سے ہوا اس کے بعد جامعہ ترانہ گایا گیا۔

پروفیسر نجمہ اختر (پدم شری) شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے متنوع ثقافتی پروگرام کی صدارت کی۔ اسکول کے پرنسپل پروفیسر جسیم احمد نے شیخ الجامعہ کی خدمت میں پودے اور مومنٹو پیش کرکے ان کا خیر مقدم کیا۔ شیخ الجامعہ نے اپنی تقریر میں حاضرین میں موجود طلبا، اساتذہ کی حوصلہ افزائی کی اور یونیورسٹی میں جو مواقع ہیں ان کا جذباتی انداز میں ذکر کیا اور یہ بھی بتایا کہ وہ کس طرح اپنا بایوڈاٹا اور پورٹ فولیو بہتر سے بہتر بنا سکتے ہیں۔ انھوں نے بطور مثال کے اسکول میں اسپورٹ اور این سی سی کی اہمیت کے متعلق گفتگو کی۔

اسکول کے پرنسپل پروفیسر جسیم احمد اور دیگر فیکلٹی اراکین نے اس موقع کے مہمان خصوصی پروفیسر (ڈاکٹر) ریحان خان سوری (پرو وائس چانسلر اسی ڈی ای یو) اور پروگرام میں مہمان اعزازی پروفیسر ناظم حسین الجعفری، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی خدمت میں پودے اور مومینٹو پیش کرکے ان دونوں مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔

انول ڈے تقریبات کے موقع پر مہمانوں نے انتہائی بہجت کے ساتھ جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول کے رسالے 'امنگ۔ دوہزار تیئیس' کا باقاعدہ اجرا کیا۔ 'امنگ' طلبا کو اس لیے عزیز ہے کہ کورنا بحران کے بعد اسکول کھلنے کے بعد ریلیز ہوا تھا اور یہ ماضی کی تاریخ کی باقیات کے ساتھ مستقبل کا ہراول دستہ بھی ہے۔

طلبا نے خوب صورت انداز میں پنجابی اور راجستھانی لوک رقص پیش کیے جس سے ناظرین میں توانائی کوندگئی۔ طلبا کے رقص کے خوش ہو کر سامعین نے کھڑے ہو کر ان کے لیے تالیاں بجائیں۔

اسپورٹ زمرے میں، این سی سی میں طلبا کو انعامات دیے گئے اور دسویں اور بارہویں جماعت کے بورڈ امتحانات میں سب سے زیادہ نمبرات لانے والے طلبا، سب سے زیادہ حاضر رہنے والے طلبا کو اور بہترین اسمبلی وغیرہ زمروں میں بھی انعامات تقسیم کیے گئے۔ اس سے طلبا کو تدریس و آموزش کے پروسیس میں سیکھنے کی چاہت بڑھے گی اور بھی زیادہ دلچسپی سے حصہ لے سکیں گے۔ پروگرام میں طلبا نے غزل خوانی کے ساتھ کویتائیں بھی پڑھ کر سنائیں۔

طلبا نے پورے سیشن کو یاد کرتے ہوئے سالانہ رپورٹ بھی پیش کی۔ یہ رپورٹ طلبا کی کارگزاریوں سے بھری ہوئی تھی۔ اس میں متعدد انعامات، کوئز مقابلہ جات، ٹی ای ڈی اسپیکینگ کلب۔ غزل اور نظم خوانی کے مقابلے، گاندھی ٹرافی، پکنک، انٹر ہاؤس فٹ بال اور کرکٹ ٹورنامنٹ وغیرہ کا تفصیل سے ذکر تھا۔

اسکول کے پرنسپل پروفیسر جسیم احمد نے طلبا اور اساتذہ سے خود احتسابی کی بات کی اور بتایا کہ ہر شخص کو کس طرح ہر سیشن کے اختتام پر جائزہ لینا چاہیے کہ اس نے کیا حاصل کیا ہے اور مزید کیا کرنا ہے اسی سے ذاتی اور پیشہ ورانہ فروغ کی راہیں ہموار ہوتی ہیں۔

جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول کے سابق طالب علم پروفیسر (ڈاکٹر) ریحان خان سوری نے اپنی تقریر میں اپنی گیارہ جماعت کے زمانے کی یادیں تازہ کیں اور مواقع کے ساتھ ساتھ سخت محنت اور قسمت سے کے رول سے متعلق بات کی۔ انھوں نے اپنی کامیابی کا سہرا اپنے والدین اور اپنے اساتذہ کے سر باندھا۔

پروفیسر ناظم حسین الجعفری، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے طلبا سے امید کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑنے کی بات کی اور کہا کہ زندگانی میں اور امتحان میں کامیابی کے لیے وہ سخت محنت کریں۔

طلبا نے سامعین اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا جس کے بعد قومی ترانہ گایا گیا اور اسی کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی